© rasailojaraid.com



# قرآنی قصص کے مقاصد

حافظ محمد اسلم ○

قصص کے ساتھ انسان کا گہرا اور قدیم تعلق ہے۔ بچہ جب شعور کی دنیا میں آکر محسوسات و مرئیات میں دل چسپی لیتا ہے تو قصے کہانیاں سننے کا فطری جذبہ اس میں پیدا ہونے لگتا ہے۔ ابتداً جانوروں اور پرندوں کی کہانیاں اس کے ذوق کی تسکین بنتی ہیں۔ والدین‘ رشتے داروں اور دوستوں کی محفل میں رائج قصے اس کے ذہنی افق کو وسیع کرتے ہیں۔ پھر مطالعہ کتب کی شکل میں اسے قصص و تاریخ کا غیر متناہی سرچشمہ میسر آجاتا ہے جو اس کی علمی پیاس بھی بجھاتا ہے اور اخلاقی تربیت بھی کرتا ہے۔

یہ واقعات شخصیت سازی اور کردار کی تعمیر میں مخصوص کردار ادا کرتے ہیں۔ نیکوکار لوگوں کے قصے اسے نیکی کی طرف مائل کرتے ہیں‘ اور بدکردار لوگوں کے واقعات برائی کی ترغیب دیتے ہیں یا متنفر کرتے ہیں۔ گویا نیکی کی طرف مائل کرنے‘ بدی سے ہٹانے اور خیروشر میں تمیز پیدا کرنے کا یہ ایک فطری طریقہ ہے جو کسی قسم کی سرزنش اور ڈانٹ ڈپٹ کے بغیر محض اندرونی تحریک سے پروان چڑھتا چلا جاتا ہے۔ خیرو اصلاح کی تلقین کرنے کے اس انداز میں جانوروں کی کہانیاں بھی ملتی ہیں‘ عام اور جلیل القدر انسانوں کے واقعات بھی۔ مگر مذہبی کتب بالخصوص قرآن مجید میں درج واقعات خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔

## قصہ کا مفہوم

قصہ کے معنی ہیں: بات‘ خبر‘ واقعہ۔ اس کی جمع اقاصیص اور قصص بکسر القاف و فتح الصاد آتی ہے (لسان العرب‘ بذیل مادہ ق ص)۔ دور جاہلیت میں اس مقصد کے لیے اساطیر کا لفظ بولا جاتا تھا جس کا واحد اسطورہ ہے اور اس کے معنی ہیں: افسانہ‘ گھڑی ہوئی بات (فیروز اللغات‘ بذیل مادہ س ط ر)۔ مخالفین نے قرآنی قصوں کے لیے بھی یہی لفظ اختیار کیا۔ چونکہ یہ لفظ قرآنی قصص کے لیے بالکل غیر موزوں تھا اس لیے

---

○ اسسٹنٹ پروفیسر‘ گورنمنٹ کالج‘ بورے والہ

© rasailojaraid.com